U63895 14-12-99

Title - MUBAADI AL HISAAB

Creator - Pandit Bansidhar.

Publisher - Government Press (Allahabad).

Date - 1870

Pages - 66.

Subjects - Hisab; Ilm Riyazi.

مبادی الحساب

URDU TEXT BOOK

حصہ دوم

حسب الارشاد جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر

ممالک مغربی و شمالی کے

پنڈت بنسی دھر نے

باعانت پنڈت موہن لعل کے سررشتہ صاحب ڈائرکٹر آف پبلک
انسٹرکشن بہادر ممالک مغربی و شمالی میں

گنت پرکاش کے دوسرے بھاگ سے ترجمہ کیا

الہ آباد

گورنمنٹ پریس میں چھاپا گیا

This book belongs to Babu Alfred Ray Student 5th Class

مبادي الحساب

حصہ دوم

حسب الارشاد جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر

ممالک مغربي و شمالي کے

پنڈت بنسي دھر نے

باعانت پنڈت موھن لعل کے سررشتہ صاحب ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن بہادر ممالک مغربي و شمالي میں

گنت پرکاش کے دوسرے بھاگ سے ترجمہ کیا

الہ آباد

گورنمنٹ پریس میں چھاپا گیا

سنہ ۱۸۷۰ع

فہرست قواعد

اس کتاب میں اختصار کے لیئے کئی علامتیں مقرر کی گئی ہیں تاکہ سیکھنےوالوں کو مفید ہوں

+	جمع کی علامت جن عددوں کے درمیان آتی ہی اُس سے اُن عددوں کو جمع کرنا مراد ہی مثلاً ۳ + ۵ یعنی ۳ اور ۵ کو جمع کرنا ہی *
—	تفریق کی علامت جس عدد کی داهنی طرف آتی ہی اُس عدد کو داهنی طرف کے عدد سے گهٹانا مراد ہی مثلاً ۵ — ۳ یعنی ۵ میں سے ۳ کو گهٹانا ہی *
×	ضرب کی علامت جن عددوں کے درمیان آتی ہی اُن عددوں کو ضرب کرنا مراد ہی مثلاً ۳ × ۴ یعنی ۳ اور ۴ کو باهم ضرب کرنا ہی *
÷	قسمت کی علامت جن عددوں کے درمیان آتی ہی اُنمیں سے پہلے کو دوسرے پر تقسیم کرنا مراد ہی مثلاً ۸ ÷ ۲ یعنی ۸ کو ۲ پر تقسیم کرنا ہی *
=	مساوات کی علامت جن عددوں کے درمیان آتی ہی اُن عددوں کو مساوی جانو مثلاً ۲ + ۳ = ۵ یعنی دو جوڑے ہوئے ۳ برابر ہیں ۵ کے *
::	تناسب کی علامت جن عددوں کے درمیان آتی ہی وے عدد متناسبہ کہلاتے ہیں مثلاً ۵ : ۱۰ :: ۳ : ۶ یعنی ۵ جو نسبت رکهتا ہی ۱۰ سے وہی نسبت ۳ رکهتا ہی ۶ سے *
√	جذر کی علامت ہی مثلاً ۲√۲۵ یا √۲۵ یعنی ۲۵ کا جزرالمال نکالو اور ۳√۲۷ یعنی ۲۷ کا جزرالکعب نکالو و علی هذاالقیاس *

مبادي الحساب

قاعدہ اربعہ متناسبہ

اِس حساب کو جو اربعہ متناسبہ کہتے ہیں اِسکا یہہ سبب ہی کہ اِس میں تین عدد معلوم رہتے ہیں جنسے چوتھا عدد نامعلوم دریافت ہو جاتا ہی اور تین عددوں معلوم میں سے دو عدد ہمجنس ہوتے ہیں اور تیسرا غیر جنس کہ جسکے ہمجنس جواب یعني چوتھا عدد ہوتا ہی پس بعد حاصل ہوتے جواب کے دو عدد ایک جنس اور دو عدد ایک جنس کے ہو جاتے ہیں اور چاروں عدد ملکر اربعہ متناسبہ کہلاتے ہیں *

طریق عددوں کے لکھنے کا

تینوں عدد ایک سطر آڑي میں لکھے جاتے ہیں جس طرح ہر
ک گ ن لکھتے ہیں

خیال کرو کہ اِن میں سے کونسا عدد ایسا ہی جو جواب کے ہمجنس ہو اُس عدد کو تیسري جگہہ پر لکھو پھر سوچنا چاہیئے کہ اِس تیسرے عدد کي بہ نسبت جواب زیادہ آویگا یا کم جو جواب زیادہ آتا معلوم ہو تو باقي دو ہمجنس عددوں میں سے بڑے عدد کو دوسري جگہہ پر لکھو اور چھوٹے کو پہلي جگہہ پر اور اگر جواب تیسرے عدد کي بہ نسبت تھوڑا حاصل ہوتا ہو تو چھوٹے عدد کو دوسري جگہہ پر لکھو اور بڑے کو پہلي جگہہ پر اِس طرح سے سوال کے عددوں کو لکھکر دیکھو کہ پہلے اور دوسرے ہمجنس کے عددوں میں جو چھوٹے اور بڑے نام کے عدد ہوں تو بڑے نام کے عدد کو بھي چھوٹے نام کا عدد کر لو اگر تیسرے عدد میں بھي چھوٹے اور بڑے نام کے عدد مشتمل ہوں تو بڑے نام کے عدد کو چھوٹے نام کا عدد بنالو *

دوسرے اور تیسرے عددوں کو باہم ضرب دیکر حاصل ضرب کو پہلے عدد پر تقسیم کرنے سے جو خارج قسمت حاصل ہو وہي جواب ہوگا مگر جس نام کا تیسرا عدد ہوگا اُسي نام کا جواب بھي آویگا اگر چھوٹے نام کا جواب ہو تو اُسکو بڑے نام کے عدد میں لے آؤ *

اِس بات کا بھي خیال رکھنا چاهیئے کہ پہلا عدد جس عدد پر پورا تقسیم ہو جاوے اُسي عدد پر باقي دوسرے اور تیسرے عدد میں سے کوئي عدد پورا تقسیم ہو جاوے تو قسمت کرنے سے جو خارج قسمتیں حاصل ہوں اُنکو اپنے اپنے مقسوم کي جگہہ پر لکھو پھر بھي خیال کرو کہ پہلا عدد جس عدد پر تقسیم ہو سکتا ہے اُسي عدد پر دوسرا یا تیسرا عدد بھي تقسیم ہو سکے تو پھر بھي تقسیم کرے اِسي طور پر یہاں تک قسمت کرو کہ پہلا اور ایک عدد باقي دو عددوں میں سے سواے ایک کے کسي اَور عدد پر پورے تقسیم نہ ہو سکیں *

---

۱ سوال

چھہ آدمي جس کام کو دس دن کے عرصہ میں تمام کرتے ہیں اُسي کام کو بارہ آدمي کتنے دنوں میں پورا کرینگے *

مثال

آدمي		آدمي		دن
۱۲	:	۶	::	۱۰

```
      ۱۰
       ۶
     ----
(۱۲ ( ۶۰ ( ۵ جواب دن
      ۶۰
     ----
       ۰
```

---

۲ سوال

دو روپیہ اور چار آنہ کا ایک من گوژ آتا ہے تو ایک روپیہ کا کتنا آویگا *

مثال

چار آنہ ۲ روپیہ : ایک روپیہ :: ایک من

۱۶	۱۶	۴۰
۳۲	۱۶	۴۰
۴	۴۰	
۳۶		

۳۶) ۶۴۰ (۱۷ سیر
۳۶
۲۸۰
۲۵۲
۲۸
۱۶
۱۶۸
۲۸
۳۶) ۴۴۸ (۱۲ چھٹانک
۳۶
۸۸
۷۲
۱۶

جواب * ۱۷ سیر $۱۲\frac{۴}{۹}$ چھٹانک

۳ سوال

سترہ روپیہ اور چھہ آنہ تولہ سونا بکتا ہی تو ساڑھے چار تولہ سونا کتنے کا آویگا *

قاعدہ ضرب مرکب کے بموجب

۱ تولہ : ۶ ماشہ ۴ تولہ :: ۶ آنہ ۱۷ روپیہ

۱۲	۱۲	۵۴
۱۲	۴۸	۱۲) ۹۳۸ روپیہ ۴ آنہ
	۶	
	۵۴	

۲ ــ ۷۸ روپیه
۱۶
۳۲
۴
۱۲) ۳۶
۳ آنه جواب * ۳ آنه

دوسري طرح سے

۱ توله : ۶ ماشه ۴ توله :: ۶ آنه ۱۷ روپیه

۱۲ ۱۲ ۱۶

۱۲ ۴۸ ۱۰۲

۶ ۱۷

۵۴ ۲۷۲

۶

۲۷۸

۵۴

۱۱۱۲

۱۳۹۰

۱۲) ۱۵۰۱۲

۱۶) ۱۲۵۱ (۷۸ روپیه

۱۱۲

۱۳۱

۱۲۸

۳ جواب * ۳ آنه

---

۴ سوال

جب که دن چهه گهنٹه کا هوتا هی تو ایک کنوئے کو کتني آدمي دس دن کے عرصه میں کهودتے هیں اور جب دن ۸ گهنٹے کا هوگا تو وے آدمي اُسي کو کتنے دنوں میں کهودینگے *

مثال

دن		گھنٹہ		گھنٹہ
١٠	::	٩	:	٨

$$\frac{9\times10}{8}=\frac{9\times2\times5}{4\times2}=\frac{9\times5}{4}=\frac{2\times3\times5}{2\times2}=\frac{3\times5}{2}=\frac{15}{2}=$$

جواب * ٧ ½ دن

---

٥ سوال

ستائیس هاتھہ طول میں دیوار بنوانی هی جس میں سے نو هاتھہ دیوار بارہ آدمیوں نے چھہ دن کے عرصہ میں بنائي تو باقي دیوار کو چار دن کے عرصہ میں کتنے مزدور بناوینگے *

مثال

آدمي		دن		دن
١٢	::	٦	:	٤

$$\frac{6\times12}{4}=\frac{6\times3\times4}{4}=\frac{6\times3}{1}=$$

جواب * ١٨ آدمي

چونکہ ١٨ آدمي چار دن کے عرصہ میں ٩ هاتھہ بنا لینگے اِس سبب سے باقي ١٨ هاتھہ دیوار کے بنانے کے لیئے ٣٦ آدمي کافي هونگے *

---

٦ سوال

کسي آدمي کا سالانہ ٨٧٥ روپیہ کا مقرر هی تو اُسکو ایک هفتہ کا کیا دینا چاهیئے ایسے مقام پر ٥٢ هفتوں کا ایک سال جانو *

جواب * ١٣٥ ٢ $\frac{1}{13}$ پائي

۷ سوال

تیس آدمی گیارہ دن کے عرصہ میں ایک کھیت کو کاٹتے ہیں
اِسی طرح کے چار کھیتوں کو اُس وقت کے پانچویں حصے میں کتنے
آدمی کاٹینگے *

جواب * ۶۰۰ آدمی

---

۸ سوال

ایک بیل کی چرائی ہر روز ۱ر ۱۱ پائی ہوتی ہی تو تمام سال
کی چرائی ۱۱ بیلوں کی کتنی ہوگی *

جواب * ۱۳۱ سہ ۱۵ر ۵ پائی

ایضا

ستائیس گائے ایک کھیت کی گھاس کو بارہ دن کے عرصہ میں
چرتی ہیں تو چالیس گائے اُسی کھیت کی گھاس کو کتنے دنوں میں
چرینگی *

جواب * $8\frac{1}{10}$ دن

---

۹ سوال

ایک قلعہ میں سپاہی گھرے ہوئے تھے اور اُنکے پاس جو جنس
تھی اُسمیں سے ہر روز فی سپاہی کو ۲۰ چھٹانک کے حساب سے دی
جاتی تو پانچ مہینے کے کھانے کو ہوتی اور جو ہر روز فی آدمی کو ۱۲
چھٹانک کے حساب سے دی گئی ہو تو کتنے عرصہ میں وہ جنس
خرچ ہوئی ہوگی *

جواب * ۸ مہینے ۱۰ دن

۱۰ سوال

ایک سال میں کسي زمین کا محصول في بیگهه عصا۳؍ ۲ پائي دینا پڑتا هی تو تین مهینے میں پانچ سو بیگهه زمین پر کیا دینا هوگا *

جواب * ما عـــــــه ۵؍ ۲ پائي

---

۱۱ سوال

ایک مهینے میں في آدمي عصه ۲؍ ۲ پائي ملتے هیں تو ۳۲ مهینے میں ۹۴۰ آدمیوں کو کیا ملیگا *

جواب * ۲۸۸۰۰ روپیه یا عـــــه لاـ؍

---

۱۲ سوال

۱۲ دن کے عرصه میں ۱۰ آدمي ایک کام کو کر سکتے هیں تو اُسي کام کو ۳ دن کے عرصه میں کتنے آدمي کرینگے *

جواب * ۴۰ آدمي

---

۱۳ سوال

سوا روپیه کے مال پر ۳؍ ۲ پائي محصول دینا پڑتا هی تو ۹۳۲ روپیه ۲ آنه ۸ پائي کے مال پر کیا دینا پڑیگا *

جواب * ۱۶۳ روپیه ۲ آنه $\frac{۳}{۵}$ پائي

۷۵۰ صندوق میں ۲۲۵۰ کیلیں لگتي هیں تو باره هزار صندوق میں کتني لگینگي *

جواب * ۳۶۰۰۰

۱۴ سوال

۱۲ سیر شکر عصا ۱۴ر کي آتي هی تو ۱۳ من اور ۳۲ سیر کتنے کي آویگي *

جواب * ماعــہ ۴ر

---

۱۵ سوال

۳ هاتهہ چوڑا اور ۲۱½ گز لنبا کپڑا استر کے لیئے هی اور اُسکے ابرہ کی چهینٹ کا عرض ڈیڑهہ هاتهہ هی تو اُس استر کے لیئے کتني چهینٹ چاهیئے *

جواب * ۴۳ گز

---

۱۶ سوال

۱۲ هاتهہ لنبا اور اُسي قدر چوڑا فرش طیار کرنا هی تو اُسمیں ساڑهے چار هاتهہ چوڑي دري کتنے هاتهہ لگیگي *

جواب * ۳۲ هاتهہ

---

۱۷ سوال

ایک هفتہ میں ۵ر۵ صرف هوتے هیں تو ۱۲۵ روپیہ کتنے دنوں میں خرچ هونگے *

جواب * ۲۳ مهینے ۳ هفتہ ۱⅔ دن

---

۱۸ سوال

ایک زمیندار کو تمام سال میں ۱۷۳۶ روپیہ کي آمد هی اور في روپیہ ۲ر ۹½ پائي خرچ پڑتا هی تو خرچ کل دیکر کیا بچیگا *

جواب * ۱۴۳۳ روپیہ ایک آنہ ۸ پائي

۱۹ سوال

زید نے ۲۵۰ روپیہ عمرو کے تئیں ۷ مہینے کے لیئے بلا سود دیئے لیکن پھر زید عمرو سے ۳۰۰ روپیہ بلا سود چاہتا ہی تو ۳۰۰ روپیہ کتنے دن رہنے چاہیئیں *

جواب * ۵ مہینے ۳ ہفتہ ۲ ۱/۳ دن

---

۲۰ سوال

ایک بزاز نے کپڑے کی ۴ گٹھری خریدیں ہر ایک گٹھری میں چار تھان ہیں اور ہر ایک تھان ۲۷ گز کا ہی اور ہر ایک تھان کی قیمت عـــہ ۴؍ ہی تو تمام مال کی قیمت کیا ہوگی اور وہ کپڑا کیا گز پڑیگا *

جواب * تمام مال کی قیمت ۳۲۴ روپیہ فی گز دام ۱۲ آنہ

---

۲۱ سوال

۱۲ گرہ کے گز سے ایک ہزار گز کپڑا ماعـــہ۸؍ کو خریدا اور اُسی کپڑے کو ۲۰ گرہ کے گز سے اِس طرح پر بیچنا چاہتے ہیں کہ سب مال میں ساڑھے بارہ روپیہ نفع ہو تو فی گز کے کیا دام ہوئے *

جواب * ۳؍ ۴ پائی

---

۲۲ سوال

۱۸۹ روپیہ اور ۱۰ آنے کا ۱۸ من اور ۳۶ سیر تیل خریدا اُس میں ۲ من اور ۵ سیر تیل نقصان ہوا تو چاہتے ہیں کہ باقی تیل میں ماعـــہ وصول ہوں تو کتنے سیر کے دام پر بیچنا چاہیئے *

جواب * ۳؍ ۶ ۵۴/۶۷۱ پائی

۲۳ سوال

ایک من اور ۲۳ سیر گھي لہ للعہ ۴؍ کا خریدا تو اُس میں کس قدر چھاچھہ ملاني چاھیئے کہ جس سے في سیر کي قیمت ۹؍ آتے ھوں *

جواب * ۱۰ سیر ۱ پاؤ $1\frac{1}{3}$ چھٹانک

---

۲۴ سوال

۳۰ سیر بوجھہ لے جانے کے لیئے ۲۰ کوس کا کرایہ عـہ۸؍ ھوتا ھی تو ایک من اور ۳۶ سیر کا ۸۴ کوس کے لیئے کیا دینا پڑیگا *

جواب * صـعـہ۱۵؍ $3\frac{8}{25}$ پائي

---

۲۵ سوال

ایک شخص کو ۳ مہینے میں اِتني آمد ھی کہ جو ۴ مہینے کے خرچ کو کافي ھوتي ھی اور اُسکي ۲ مہینے کي آمد ماصہ ۱۰؍ ھی تو ایک سال میں اُسکو کیا بچیگا *

جواب * صـعـہ ۵؍

---

۲۶ سوال

ایک سیٹھہ نے اپنے آڑھتیئے کو موزے کي جوڑي ۵۰۰ اور گزي ۱۶۵۰ گز بھیجي اُنکي قیمت یہہ ھی کہ موزے کي في جوڑي ۳؍ ۲ پائي ھی اور گزي في گز ۱؍ ۳ پائي اُسکے عوض میں آڑھتیئے نے قند ۸ من اور ۲۸ سیر بھیجا اُسکي في سیر قیمت ۶؍ ۸ پائي ھی اور گوڑ ۱۸ من اور ۳۰ سیر بھیجا جسکي في سیر قیمت ۱؍ ۴ پائي ھی اب یہہ دریافت کرو کہ کسکا مال کتنا زیادہ پہنچا *

جواب * سـہ ۱۲؍ ۲ پائي زائد مال سیٹھہ

قاعدہ ستۃ متناسبہ

اربعہ متناسبہ کا یہہ بیان ہو چکا ہی کہ اِس حساب کو جو اربعہ متناسبہ کہتے ہیں اِسکا یہہ سبب ہی کہ اُس میں تین عدد معلوم رہتے ہیں جنسے چوتہا عدد نامعلوم دریافت ہو جاتا ہی اِسی طرح سے ستۃ متناسبہ میں پانچ عدد معلوم رہتے ہیں جنسے چھٹھا عدد نامعلوم دریافت ہو جاتا ہی وہی جواب ہوتا ہی اربعہ متناسبہ کے تینوں عدد ایک آڑي سطر میں لکھے جاتے ہیں اور ستۃ متناسبہ کے پانچوں عدد دو آڑي سطر میں رکھو اور اِن پانچوں عدد میں سے تین عدد اُوپر کي سطر میں اور دو عدد نیچے کي سطر میں لکھے جاتے ہیں خیال کرو کہ اِن میں سے کونسا عدد ایسا ہی جو جواب کے ہمجنس ہو اُس عدد کو اُوپر کي سطر میں تیسري جگہہ پر لکھو اُسي کے ہمجنس جواب جانو اور باقي چار عددوں میں سے ہمجنس کے دو عددوں میں اربعہ متناسبہ کي طرح سوچنا چاہیئے کہ اُوپر کي سطر کے تیسرے عدد کي بہ نسبت جواب زیادہ آویگا یا کم جو جواب زیادہ آتا معلوم ہو تو باقي دو ہمجنس عددوں میں سے چھوٹے عدد کو اُوپر کي سطر میں پہلي جگہہ پر لکھو اور بڑے کو اُسي سطر میں دوسري جگہہ پر اور جو جواب کم آتا معلوم ہو تو چھوٹے عدد کو دوسري جگہہ پر لکھو اور بڑے کو پہلي جگہہ پر اِس طرح سے اُوپر کي سطر میں تینوں عدد اپني اپني جگہہ پر لکھے جاتے ہیں باقي دو ہمجنس عدد تلے کي سطر میں اِس طرح پر لکھے جاتے ہیں کہ اُن دونوں عدد اور اُوپر کي سطر کے تیسرے عدد کو اربعہ متناسبہ کے تین عدد خیال کرو اور اِس اربعہ متناسبہ میں بھي اُوپر کي سطر کے تیسرے عدد کے ہمجنس جواب آتا ہی اور اُوپر کي سطر کے پہلے اور دوسرے عدد کا کچھہ خیال نہ کر کے دیکھو کہ اُس مقام پر بہ نسبت تیسرے عدد کے جواب زیادہ آویگا یا کم جو زیادہ آتا معلوم ہو تو باقي دو ہمجنس عددوں میں سے چھوٹے عدد کو نیچے کي سطر میں پہلي جگہہ پر لکھو اور بڑے کو دوسري جگہہ پر اور جو جواب کم معلوم ہو تو بڑے عدد کو پہلي جگہہ پر لکھو اور چھوٹے کو دوسري جگہہ پر اِس طرح سے ستۃ متناسبہ کے پانچوں عدد کو اپني اپني جگہہ پر دو سطروں میں لکھو اور اُوپر کي سطر کے دوسرے عدد کو تیسرے عدد میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو نیچے کي سطر کے دوسرے عدد میں

ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہوتا ہی اُسکو اول حاصل ضرب معلوم کرو اور اُوپر کی سطر کے پہلے عدد کو تلے کی سطر کے پہلے عدد میں ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہو اُسکو دوسرا حاصل ضرب جانو *

اول حاصل ضرب کو دوسرے حاصل ضرب پر تقسیم کرنے سے جو خارج قسمت حاصل ہو وہی ستہ متناسبہ کے سوال کا جواب ہوگا مگر اول یہہ سوچنا چاہیئے کہ جن عددوں کے ضرب دینے سے پہلا حاصل ضرب مقسوم اور دوسرا حاصل ضرب مقسوم‌علیہ بنا ہی اُن مقسوم اور مقسوم‌علیہ کے عددوں میں کوئی دو عدد برابر ہوں تو اُنکو خارج کرو اور مقسوم‌علیہ کا کوئی عدد جس عدد پر پورا تقسیم ہو جاوے اُسی عدد پر مقسوم کا بھی کوئی عدد پورا تقسیم ہوسکے تو قسمت کرنے سے جو خارج قسمتیں حاصل ہوں اُنکو اپنی اپنی مقسوم کی جگہہ پر لکھو پھر بھی جو مقسوم اور مقسوم‌علیہ کا کوئی عدد کسی عدد پر پورا تقسیم ہوسکے تو تقسیم کرے اِسی طور پر یہاں تک قسمت کرو کہ جب مقسوم اور مقسوم‌علیہ کے کوئی دو عدد سواے ایک کے کسی اَور عدد پر پوری تقسیم نہو سکیں تب اُنکو اپنی اپنی جگہہ پر لکھکر طریق مذکور سے اول اور دوسرا حاصل ضرب بنالو *

مقسوم اور مقسوم‌علیہ کے عددوں میں جو چھوٹے اور بڑے نام کے عدد ہوں تو بڑے نام کے عدد کو بھی چھوٹے نام کا عدد کر لو اور اُنسے اول اور دوسرا حاصل ضرب بنالو *

---

۱ سوال

جس قبیلے کے ۹ آدمیوں کا خرچ ۸ مہینے میں ۱۵ عسہ کا ہی تو اِسی انداز سے ۲۴ آدمیوں کے قبیلے میں ۱۶ مہینے میں کیا خرچ ہوگا *

یہاں سوال روپیوں کا ہی اِسکے جواب میں روپئے آوینگے اِس لیئے روپیوں کے عدد ۱۲ کو اُوپر کی سطر میں تیسری جگہہ پر لکھو *

	روپيه		آدمي		آدمي
سطر اول	۱۲۰	::	۲۴	:	۹
سطر دوم	۲۸۸۰		مهينے ۱۶		مهينے ۸

۱۲۰
۲۴
———
۲۸۸۰
۱۶
———
۱۷۲۸
۲۸۸
———
۷۲) ۴۶۰۸۰ (۶۴۰ جواب روپيه
۴۳۲
———
۲۸۸
۲۸۸
———
۰۰

(۹ × ۸ = ۷۲)

آدمي ۹ اور ۲۴ ميں اِس ليئے دونوں عدد همجنس هيں اول خيال کرو که ۹ آدميوں کي به نسبت ۲۴ آدميوں کا سواے خرچ پڑيگا اِس سبب سے بڑے عدد ۲۴ کو اُوپر کي سطر ميں دوسري جگهه پر لکهو اور چهوٹے عدد ۹ کو اُسي سطر ميں پهلي جگهه پر پهر مهينے ۸ اور ۱۶ هيں اُن ميں بهي خيال کرو که ۸ مهينے کي به نسبت ۱۶ مهينے ميں سواے خرچ پڑيگا اِس ليئے بڑے عدد ۱۶ کو نيچے کي سطر ميں دوسري جگهه پر لکهو اور چهوٹے عدد ۸ کو اُسي سطر ميں پهلي جگهه پر اِس طرح سے پانچوں عدد کو اپني اپني جگهه پر لکهو پهر ۱۲۰ اور ۲۴ کے حاصل ضرب ۲۸۸۰ کو ۱۶ ميں ضرب دينے سے ۴۶۰۸۰ اول حاصل ضرب هوا *

۹ کو ۸ ميں ضرب دينے سے ۷۲ دوسرا حاصل ضرب هوا *

اب دوسرے حاصل ضرب ۷۲ پر اول حاصل ضرب ۴۶۰۸۰ کو قسمت کرنے سے خارج قسمت ۶۴۰ روپئے حاصل هوئے يهي جواب هي *

دوسري طرح سے مثال

۹ : ۲۴ :: ۱۲۰
۸ : ۱۶

$$\frac{16 \times 24 \times 120}{8 \times 9} = \frac{16 \times 3 \times 8 \times 3 \times 40}{8 \times 3 \times 3} = \frac{16 \times 40}{1} =$$

۶۴۰ روپيه جواب هوا *

۲ سوال

۱۶ گھوڑے ۹ من دانہ ۶ روز میں کھاتے ہیں تو ۲۴ من دانہ ۷ دن میں کتنے گھوڑے کھاوینگے *

مثال

$$16 \quad :: \quad 24 : 9$$
$$6 : 7$$

$$\frac{6 \times 24 \times 16}{7 \times 9} = \frac{2 \times 3 \times 3 \times 8 \times 16}{7 \times 3 \times 3} = \frac{2 \times 8 \times 16}{7}$$

$$= \frac{256}{7}$$

$36\frac{4}{7}$ گھوڑے یہي جواب ہوا

قاعدہ ثمانیہ متناسبہ وغیرہ

ثمانیہ متناسبہ میں سات عدد معلوم رہتے ہیں اور آٹھواں عدد نامعلوم اِسي طرح سے عشرہ متناسبہ میں نو عدد معلوم اور دسواں عدد نامعلوم اور اثنا عشرہ متناسبہ میں گیارہ عدد معلوم بارھواں عدد نامعلوم ستہ متناسبہ میں پانچ عدد رہتے ہیں جو اَور دو عدد ہمجنس زیادہ ہو جاویں اُنکو تیسري سطر میں بموجب طریق مذکور کے لکھو *

اور عشرہ متناسبہ ہو تو اُن دو عددوں کو چوتھي سطر میں لکھو اِسي طرح سے جو دو دو عدد ہمجنس زیادہ ہوتے جاویں اُنکو تلے علیحدہ سطروں میں لکھتے جاؤ پھر سب سطروں کي دوسري جگہہ کے عددوں کو باہم ضرب کر اُس حاصل ضرب میں تیسري جگہہ کے سب عددوں کو ضرب کرنے سے جو حاصل ہو وہ پہلا حاصل ضرب ہوگا اور پہلي جگہہ کے سب عددوں کو ضرب کرنے سے جو حاصل ہو وہ دوسرا حاصل ضرب ہوگا پھر اول حاصل ضرب کو دوسرے حاصل ضرب پر قسمت کرنے سے جو خارج قسمت حاصل ہو وہ جواب ہوگا *

اِس حساب میں بھي مقسوم اور مقسوم علیہ کے عددوں میں جو برابر دو عدد ہوں اُنکو خارج کرو اور جو دے کسي عدد پر پورے تقسیم

هو سکیں تو تقسیم کرو اور اُنمیں جو چھوٹے بڑے نام کے عدد هوں تو اُنکو ایک نام کے کر لو *

۱ سوال

۷ گز طول میں ۲ گز عرض میں ایسے ۵ تهان ۷۵ روپیه کو آتے هیں تو ویسے هي کپڑے کے ۶ گز طول میں اور ۳ گز عرض میں ۱۳ تهان کتنے کو آوینگے *

تهان	۵	:	۱۳	::	۷۵ روپیه
طول	۷	:	۶		
عرض	۲	:	۳		

$$\frac{۷۵ \times ۱۳ \times ۶ \times ۳}{۵ \times ۷ \times ۲} = \frac{۱۵ \times ۵ \times ۱۳ \times ۳ \times ۲ \times ۳}{۵ \times ۷ \times ۲}$$

$$= \frac{۱۵ \times ۱۳ \times ۳ \times ۳}{۷} = \frac{۱۷۵۵}{۷} = \frac{۵}{۷} ۲۵۰ =$$

۲۵۰ روپیه ۱۱ آنه ۵ $\frac{۱}{۷}$ پائي یهي جواب هوا

۲ سوال

۲۴ گز ٹیلے کو ۸ آدمي ۶ روز میں کهودتے هیں تو ۱۸ گز ٹیلے کو ۳ روز میں کتنے آدمي کهودینگے *

جواب * ۱۲ آدمي

۳ سوال

دو آدمي ۱۲ بانس لنبي کهائي ۹ روز میں کهودتے هیں تو ۱۸ آدمي ۱۴ دن میں کتنے بانس لنبي کهائي کهودینگے *

جواب * ۲۵۲ بانس

۴ سوال

۹۳۹ سپاهي ۷ مهينے ميں ۳۵۱ من گيہوں کھاتے هيں تو اِس حساب سے پانچ مهينے ميں ۱۳۶۴ من گيہوں کتنے سپاهي کهاوينگے *

جواب * $5483\frac{23}{195}$ سپاهي

---

۵ سوال

کسيؔ مکان کے فرش ميں ۱۲ هاتهه لنبے اور اِسي قدر چوڑے ۵۴۰ چوکے پتهر کے لگتے هيں تو ۱۰ هاتهه لنبے اور ۸ هاتهه چوڑے ايسے کتنے چوکے اُس مکان کے فرش ميں لگينگے *

جواب * ۹۷۲ چوکے

---

۶ سوال

جب دن ۱۲ گهنٹے کا هوتا هی تب ايک آدمي ۱۰ روز ميں ۱۵۰ کوس زمين طی کرتا هی اور جب ۱۶ گهنٹے کا دن هوگا تو وه آدمي کتنے دنوں ميں ۳۰۰ کوس زمين طی کريگا *

جواب * ۱۵ دن

---

۷ سوال

ايک گوز کي بهيلي ۷ آدميوں کو ۱۲ دن کے ليئے هوتي هی اِسئ انداز سے ۱۴ آدميوں کو ۱۲ مهينے کے ليئے کتني بهيلياں چاهيئيں *

جواب * $60\frac{6}{7}$ بهيلي

۸ سوال

جب دن ۸ گھنٹے کا ہوتا ہی تب ۵۰ آدمي ایک کنوئے کو ۱۰ دن میں کھودتے ہیں اور جب ۶ گھنٹے کا دن ہوگا تو ۱۲۰ ادمي اُسي کنوئے کو کتنے دنوں میں کھودینگے *

جواب * دن ۵ ۵/۹

---

۹ سوال

غنیم نے ایک قلعہ گھیر لیا اُسمیں ہزار جوان رہتے تھے اور في آدمي ۱۸ چھٹانک کے حساب سے اُنکے پاس ۲۸ روز کو جنس موجود تھي مگر ۴۰۰ جوان اُنمیں اَور آملے اور اُن سبھوں کو ۴۲ دن گھیرے میں رہنا پڑا تو ہر روز في آدمي کو کتني خوراک دیني چاہیئے *

جواب * ۷ ۱/۲ چھٹانک

---

۱۰ سوال

۶ درزي ۱۰ جوڑے کپڑے ۴ دن میں سیتے ہیں تو ۲۰ درزي ۷ دن کے عرصہ میں کتنے جوڑے طیار کرینگے *

جواب * جوڑے ۵۸ ۱/۳

---

۱۱ سوال

۹ کاتبوں کي لکھائي کے دام ۲۱ ہفتہ میں ۱۵۰ روپیہ ہوتے ہیں تو ۱۴ کاتبوں کي لکھوائي کے دام ۴۶ ہفتہ میں کیا ہونگے *

جواب * ۱۰سہ ۱ر ۸ پائي

---

۱۲ سوال

ایک من ۴ چھٹانک بوجھے پر ۱۵۰ کوس کا کرایہ للعہ ۳ر ۴ پائي لگتا ہی تو ایک من ۱۴ سیر ایک چھٹانک بوجھے پر ۲۴ کوس کا کیا لگیگا *

جواب * ۶ ۲ر ۱۲۷/۲۳۱۵ پائي

۱۳ سوال

۲۳۰ گز لنبي اور ۳ گز اونچي اور ۲ گز آثار کي ديوار ۲۳۸ آدمي ۵ دن ميں جب دن گيارہ گھنٹے کا هوتا هی طيار کرتے هيں اور جب دن ۹ گھنٹے کا هوگا تو ۴۲۰ گز لنبي ۵ گز اونچي اور ۳ گز آثار کي ديوار ۲۴ آدمي کتنے دنوں ميں طيار کرينگے *

جواب * ۲۸۸ دن ۲ ۱۳/۴۴ گھنٹے

کسور عام کا بيان

کسي چيز يا عدد صحيح کا ايک حصه يا کئي حصے کيئے جاويں تو اس ايک حصه يا کئي حصوں کو کسر کہتے هيں اور اسميں دو رقم لکھتے هيں ايک اوپر اور دوسري تلے اور انکے بيچ ميں ايک لکير آڑي کھينچ ديتے هيں مثلاً ۱/۲ ۱/۳ ۲/۳ ۳/۴ وغيره *

ان عددوں ميں سے لکير کے تلے جو عدد هی اسے نسب‌نما کہتے هيں اور اس سے يهه بات دريافت هوتي هی که عدد کتنے حصوں پر تقسيم کيا گيا هی اور اوپر جو عدد هی اسے شمارکننده کہتے هيں جس سے ظاهر هوتا هی که ان حصوں ميں سے کتنے حصے ليئے هيں مثلاً ۲/۳ اس سے يهه معلوم هوتا هی که عدد پورے کي تقسيم تين حصوں پر کي گئي هی اور ان تين حصوں ميں سے دو حصے ليئے گئے هيں *

تمکو کسر کے معني سہلاً بتلاتے هيں جو ايک چيز کے کئي برابر حصے کيئے جاويں تو هر ايک حصه کو کسر کہتے هيں مثلاً ايک بانس هی اسکے برابر دو حصے کروگے تو هر ايک حصه نصف کہلاويگا اور جو تين حصے کروگے تو هر ايک حصه کو ثلث کہينگے اور جو چار حصے کيئے جاويں تو هر ايک حصه کو ربع اور اسي طرح سے پانچويں حصے کو خمس اور چھٹے کو سدس اور ساتويں کو سبع اور آٹھويں کو ثمن اور نويں کو تسع اور دسويں کو عشر کہتے هيں اس طرح سے اور بھي حصوں کے نام هو سکتے هيں مثلاً ۱/۲ ۱/۳ ۱/۴ ۱/۵ ۱/۶ ۱/۷ ۱/۸ ۱/۹ ۱/۱۰ ۱/۱۱ ۱/۱۲ ۱/۳۰ وغيره کسي چيز کے جس قدر برابر حصے کيئے جاويں اتنے هي نسب‌نما

کي جگہہ پر لکھے جاتے هيں اور اُن برابر حصوں ميں سے جتنے حصے ليئے جاويں اُس قدر عدد شمارکنندہ کي جگہہ لکھا جاتا هی مثلاً ايک بانس کے برابر پانچ حصے کرکے اُن ميں سے دو حصے ليئے جاويں تو اُنکو اِس طريق پر لکھينگے $\frac{۲}{۵}$ اُسکو کہينگے پانچويں حصے دو کيونکہ اُسي ايک چيز کے دو پانچويں حصے هيں مگر اُس کسر کو دو چيزوں کا پانچواں حصہ نہ کہينگے *

کسور عام چھہ قسموں پر منقسم هيں پہلي قسم کسر واجب دوسري قسم کسر غير واجب تيسري قسم کسر مفرد چوتھي قسم کسر مضاف پانچويں قسم کسر مرکب چھٹھي قسم کسر ملتف *

(۱) کسر واجب وہ هی جس ميں شمارکنندہ نسب‌نما سے کم هو مثلاً $\frac{۳}{۴}$, $\frac{۴}{۵}$, $\frac{۵}{۷}$ وغيرہ *

(۲) کسر غير واجب وہ هی جس ميں شمارکنندہ نسب‌نما کے برابر هو يا اُس سے زيادہ مثلاً $\frac{۵}{۵}$, $\frac{۸}{۳}$, $\frac{۲۱}{۲۱}$ وغيرہ *

(۳) کسر مفرد وہ هی جس ميں ايک شمارکنندہ اور ايک نسب‌نما هو خواہ وہ کسر واجب هو يا کسر غير واجب مثلاً $\frac{۶}{۷}$, $\frac{۱۷}{۹}$ وغيرہ *

(۴) کسر مضاف وہ هی جس ميں کسر کي کسر هو مثلاً $\frac{۲}{۳}$ کا $\frac{۱}{۴}$ اور $\frac{۵}{۹}$ کا $\frac{۳}{۴}$ وغيرہ *

(۵) کسر مرکب وہ هی جس ميں عدد صحيح اور کسر بھي هو مثلاً $۸\frac{۱}{۵}$, $۱۷\frac{۶}{۱۳}$ وغيرہ *

(۶) کسر ملتف وہ هی جس ميں شمارکنندہ يا نسب‌نما يا دونوں کسر هوں مثلاً $\frac{۱}{\frac{۲}{۵}}$ $\frac{۷}{\frac{۱}{۴}}$ و $\frac{۳\frac{۱}{۵}}{۱۳}$ $\frac{\frac{۱}{۲}}{\frac{۱}{۳}}$

جس عدد صحيح کے تلے نسب‌نما نہ هو اور اُسکو کسر ميں لانا هو تو اُسکے تلے ايک کا عدد نسب‌نما لکھتے هيں *

تحویل کسور عام

تحویل کسور وہ هی جس سے ایک نام یا صورت کی کسر کو دوسرے نام یا صورت کی کسر میں لاتے هیں اُسکا کام جمع و تفریق کسور وغیرہ میں پڑتا هی *

پہلا قاعدہ

کسور کے اِختصار کرنے کا

پہلا طریق

کسروں کے اِختصار کرنے کا یہہ قاعدہ هی کہ کسر کا شمارکنندہ اور نسب‌نما جس عدد پر پورے تقسیم هو سکیں تقسیم کرو اور قسمت کرنے سے جو خارج قسمت حاصل هوں اِن میں سے شمارکنندہ کی خارج قسمت کو نیا شمارکنندہ مقرر کرو اور نسب‌نما کی خارج قسمت کو نیا نسب‌نما اگر وے پھر بھی کسی عدد پر پورے تقسیم هو سکیں تو تقسیم کرو اِسی طور پر یہاں تک قسمت کرو کہ شمارکنندہ اور نسب‌نما سواے ایک کے اَور کسی عدد پر پورے تقسیم نہ هو سکیں تو کسر جسکے یہہ شمارکنندہ اور نسب‌نما هیں وہ کسر مفروضہ کی صورت مختصر هوگی *

دوسرا طریق

شمارکنندہ اور نسب‌نما میں جو چھوٹا عدد هو اُسپر بڑے عدد کو تقسیم کرو اور بڑے عدد میں سے جو باقی عدد بچتا هی اُسپر چھوٹے عدد کو جو پہلے مقسوم‌علیہ تھا تقسیم کرو اور جو باقی بچتا هی اُسپر پہلی باقی کو تقسیم کرو اِس طرح سے هر ایک پچھلی باقی پر پہلی باقی کو جو مقسوم‌علیہ تھا تقسیم کرتے جاؤ اور جو باقی عدد پر پہلی باقی پوری تقسیم هو سکے تو اِس اخیر مقسوم‌علیہ پر شمارکنندہ اور نسب‌نما کو تقسیم کرنے سے جو کسر حاصل هو وہ کسر صورت میں چھوٹی هو جاتی هی اور اُسکی قیمت میں کچھہ فرق نہیں پڑتا هی *

(۱) مثال $\frac{۱۴۴}{۱۶۸}$ اِس کسر کو اِختصار کرو *

بموجب پہلے طریق کے

$$\frac{۱۴۴}{۲۴۰} \overset{(۲)}{=} \frac{۷۲}{۱۲۰} \overset{(۲)}{=} \frac{۳۶}{۶۰} \overset{(۳)}{=} \frac{۱۲}{۲۰} \overset{(۲)}{=} \frac{۶}{۱۰} \overset{(۲)}{=} \frac{۳}{۵}$$

یہہ مختصر صورت ہی *

بموجب دوسرے طریق کے

```
۱۴۴ ) ۲۴۰ ( ۱
      ۱۴۴
      ----
       ۹۶ ) ۱۴۴ ( ۱
             ۹۶
             ----
             ۴۸ ) ۹۶ ( ۲
                  ۹۶
                  ----
                   ۰
```

$\frac{۱۴۴ \div ۴۸}{۲۴۰ \div ۴۸} = \frac{۳}{۵}$ یہي مختصر کسر پہلے طریق سے بهي آئي تهي *

(۲)	$\frac{۴۸}{۲۷۲}$	اِسکي مختصر صورت بتلاؤ جواب *	$\frac{۳}{۱۷}$
(۳)	$\frac{۱۹۲}{۵۷۶}$	ایضا جواب *	$\frac{۱}{۳}$
(۴)	$\frac{۸۲۵}{۹۶۰}$	ایضا جواب *	$\frac{۵۵}{۶۴}$
(۵)	$\frac{۲۵۲}{۳۶۴}$	ایضا جواب *	$\frac{۹}{۱۳}$
(۶)	$\frac{۱۳۴۴}{۱۵۳۶}$	ایضا جواب *	$\frac{۷}{۸}$
(۷)	$\frac{۱۴۴۹}{۱۷۶۴}$	ایضا جواب *	$\frac{۲۳}{۲۸}$
(۸)	$\frac{۱۴۰۸}{۱۶۶۴}$	ایضا جواب *	$\frac{۱۱}{۱۳}$
(۹)	$\frac{۷۶۳۱}{۲۶۴۱۵}$	ایضا جواب *	$\frac{۱۳}{۴۵}$
(۱۰)	$\frac{۴۲۲۳۷}{۷۵۵۸۲}$	ایضا جواب *	$\frac{۱۹}{۳۴}$

دوسرا قاعدہ

کسر مرکب کو کسر غیر واجب بنانے میں

کسر مرکب کے عدد صحیح کو نسب‌نما میں حاصل ضرب کر کے ضرب میں شمارکنندہ کو جمع کرو اور حاصل جمع کو نیا شمارکنندہ مقرر کرو اور اُسکے تلے اُسي نسب‌نما کو لکھو یہي کسر غیر واجب ہوگي *

(۱) مثال $۲۷\frac{۲}{۹}$ اِس کسر مرکب کو کسر غیر واجب بناؤ *

$$\begin{array}{r} ۲۷ \\ ۹ \\ \hline ۲۴۳ \\ ۲ \\ \hline ۲۴۵ \\ \hline ۹ \end{array}$$

جواب * $\frac{۲۴۵}{۹}$

(۲) $۱۹\frac{۳}{۴}$	ایضا	جواب *	$\frac{۷۹}{۴}$
(۳) $۲۲\frac{۱}{۵}$	ایضا	جواب *	$\frac{۱۱۱}{۵}$
(۴) $۵۱۴\frac{۵}{۱۶}$	ایضا	جواب *	$\frac{۸۲۲۹}{۱۶}$
(۵) $۱۰۰\frac{۱۹}{۵۹}$	ایضا	جواب *	$\frac{۵۹۱۹}{۵۹}$
(۶) $۴۷\frac{۵}{۱۳}$	ایضا	جواب *	$\frac{۶۱۶}{۱۳}$

تیسرا قاعدہ

کسر غیر واجب کو کسر مرکب یا عدد صحیح میں لانے کا بیان

شمارکنندہ کو نسب‌نما پر تقسیم کرنے سے جو باقي نہ رہے تو عدد صحیح جو حاصل ہو وهي جواب ہوگا اور جو باقي رہے اُسکو عدد صحیح کي دائیں طرف لکھکر اُسکے تلے نسب‌نما لکھدے یہي کسر مرکب ہوگي *

(۱) مثال $\frac{۹۸۱}{۱۶}$ اُسکي کسر مرکب میں کیا صورت ہوگي *

۱۶) ۹۸۱ (۶۱ جواب * $۶۱\frac{۵}{۱۶}$

$$\begin{array}{r} ۹۶ \\ \hline ۲۱ \\ ۱۶ \\ \hline ۵ \end{array}$$

(۲) $\frac{۵۶}{۸}$	ایضا	جواب *	۷
(۳) $\frac{۱۲۴۵}{۲۲}$	ایضا	جواب *	$۵۶\frac{۱۳}{۲۲}$
(۴) $\frac{۳۸۴۸}{۲۱}$	ایضا	جواب *	$۱۸۳\frac{۵}{۲۱}$
(۵) $\frac{۵۹۰۷}{۲۵}$	ایضا	جواب *	$۲۳۶\frac{۷}{۲۵}$
(۶) $\frac{۶۲۱۶۱۳}{۵۱۴}$	ایضا	جواب *	$۱۲۰۹\frac{۱۸۷}{۵۱۴}$

چوتھا قاعدہ

کسر مضاف کو کسر مفرد کي صورت میں لانے کا

کسر مضاف میں کوئي عدد صحیح ہو یا کسر مرکب تو اُسکو بموجب قاعدہ دوسري تحویل کے کسر مفرد میں لے آؤ پھر سب شمارکنندوں کو آپس میں ضرب کرنے سے جو حاصل ضرب ہو اُسکو نیا شمارکنندہ فرض کرو اور اِسي طرح سے سب نسب‌نمایوں کو آپس میں ضرب کرنے سے جو حاصل ضرب ہو اُسے نیا نسب‌نما جانو اور شمارکنندے کے تلے جو پہلے ضرب سے حاصل ہوا هی اِس نئے نسب‌نما کو لکھو وهي کسر مفرد ہوگي *

اول اِسبات کا خیال رکھو کہ شمارکنندہ اور نسب‌نما میں جو دو برابر عدد ہوں اُنکو نکال ڈالو اور شمارکنندہ اور نسب‌نما جس عدد پر پورے تقسیم ہو سکیں تو قسمت کرنے سے جو خارج قسمت حاصل ہوں اُنکو اپني اپني جگہہ پر لکھو پھر بموجب قاعدہ کسر مضاف کے اُسکو کسر مفرد کي صورت میں لے آؤ *

(۱) مثال $\frac{2}{3}$ کا $\frac{3}{4}$ کا $\frac{8}{11}$ اِس کسر مضاف کي مفرد کسر کرنا هی *

$$\frac{2\times3\times8}{3\times4\times11}=\frac{48}{132}=\frac{4}{11}$$ یہي جواب ہوا *

دوسري طرح سے

$$\frac{2\times3\times8}{3\times4\times11}=\frac{2\times8}{4\times11}=\frac{2\times2}{11}=\frac{4}{11}$$ یہي جواب پہلے بھي آیا تھا *

(۲) . $\frac{3}{4}$ کا $\frac{2}{3}$ ایضا جواب * $\frac{1}{2}$

(۳) $\frac{8}{9}$ کا $\frac{4}{7}$ ایضا جواب * $\frac{32}{63}$

(۴) $\frac{5}{8}$ کا $\frac{3}{5}$ کا $\frac{2}{3}$ ایضا جواب * $\frac{1}{4}$

(۵) $9\frac{1}{6}$ کا $\frac{2}{5}$ ایضا جواب * $\frac{11}{3}$

(۶) $12\frac{6}{7}$ کا $\frac{3}{100}$ ایضا جواب * $\frac{27}{70}$

پانچواں قاعدہ

کسروں کے نسب‌نما یکساں کرنے کا جنکا ہر ایک نسب‌نما جدا جدا ہی

پہلا طریق

اگر کوئی عدد صحیح ہو یا کسر مرکب یا کسر مضاف تو بموجب قاعدہ مذکور کے اُسکو کسر مفرد کی صورت میں لے آؤ پھر ہر ایک کے شمارکنندہ کو سوائے اپنے نسب‌نما کے باقی کسروں کے نسب‌نماؤں میں ضرب کرنے سے جو حاصل ضرب ہوں وے نئے شمارکنندے ہونگے اور سب نسب‌نماؤں کو آپس میں ضرب کرنے سے جو حاصل ضرب ہو وہ نیا نسب‌نما ہوگا اُسکو مخرج مشترک کہتے ہیں *

(۱) مثال $\frac{۱}{۲}$ ، $\frac{۳}{۵}$ ، $\frac{۴}{۷}$ اِن کسروں کو ایسی صورت میں لاؤ کہ اُنکے یکساں نسب‌نما ہو جاویں *

۱ × ۵ × ۷ = ۳۵ یہہ نیا شمارکنندہ $\frac{۱}{۲}$ کا ہی *
۳ × ۲ × ۷ = ۴۲ ایضا $\frac{۳}{۵}$ کا ہی *
۴ × ۲ × ۵ = ۴۰ ایضا $\frac{۴}{۷}$ کا ہی *
۲ × ۵ × ۷ = ۷۰ یہہ نیا نسب‌نما ہی *

$\frac{۳۵}{۷۰}$ $\frac{۴۲}{۷۰}$ $\frac{۴۰}{۷۰}$ یے کسریں دوسری صورت کی جنکے یکساں نسب‌نما کسروں مذکور کے برابر ہیں *

(۲) $\frac{۲}{۳}$ ، $\frac{۴}{۵}$ ایضا جواب * $\frac{۱۰}{۱۵}$ ، $\frac{۱۲}{۱۵}$
(۳) $\frac{۱}{۲}$ ، $\frac{۱}{۳}$ ، $\frac{۱}{۴}$ ایضا جواب * $\frac{۱۲}{۲۴}$ ، $\frac{۸}{۲۴}$ ، $\frac{۶}{۲۴}$
(۴) $\frac{۱}{۲}$ ، $\frac{۲}{۳}$ ، $\frac{۵}{۶}$ ، $\frac{۷}{۸}$ ایضا
جواب * $\frac{۱۴۴}{۲۸۸}$ ، $\frac{۱۹۲}{۲۸۸}$ ، $\frac{۲۴۰}{۲۸۸}$ ، $\frac{۲۵۲}{۲۸۸}$.
(۵) $\frac{۱}{۳}$ ، ۱$\frac{۱}{۵}$ کا $\frac{۳}{۴}$ ، ۵$\frac{۱}{۲}$ ، $\frac{۲}{۱۹}$
جواب * $\frac{۳۸۰}{۱۱۴۰}$ ، $\frac{۱۰۲۶}{۱۱۴۰}$ ، $\frac{۶۲۷۰}{۱۱۴۰}$ ، $\frac{۱۲۰}{۱۱۴۰}$
(۶) $\frac{۱۱}{۱۳}$ ، ۱$\frac{۱}{۲}$ کا $\frac{۳}{۴}$ ، $\frac{۹}{۱۱}$ ، $\frac{۵}{۷}$
جواب * $\frac{۱۳۵۵۲}{۱۶۰۱۶}$ ، $\frac{۱۵۰۱۵}{۱۶۰۱۶}$ ، $\frac{۱۳۱۰۴}{۱۶۰۱۶}$ ، $\frac{۱۱۴۴۰}{۱۶۰۱۶}$

طریق دوسرا

جس سے کسروں کا یکسان نسب‌نما مختصر ہو جاتا ہی

مختصر یکسان نسب‌نما معلوم کرنے کا یہہ قاعدہ ہی کہ دو نسب‌نما جس بڑے سے بڑے عدد پر پورے تقسیم ہو سکیں ایسے عدد کو نکالو اور اُسے مقسوم‌علیہ اعظم کہتے ہیں پھر اُس مقسوم‌علیہ اعظم پر اِن دونوں نسب‌نمایوں کے حاصل ضرب کو قسمت کرنے سے جو خارج قسمت حاصل ہو وہ مختصر نسب‌نما ہوگا اور اگر تیسرا نسب‌نما ہو تو اِس خارج قسمت کو تیسرے نسب‌نما میں ضرب کرو اور حاصل ضرب کو اُسکے مضروب اور مضروب‌فیہ کے مقسوم‌علیہ اعظم پر تقسیم کر کے خارج قسمت نکالو اگر چوتھا نسب‌نما ہو تو اُس خارج قسمت اور چوتھے نسب‌نما کے ساتھہ قاعدہ مذکور کا عمل کرو آخر میں جاکر جو خارج قسمت حاصل ہو وہی مختصر نیا نسب‌نما ہوگا *

مختصر شمارکنندہ کے بنانے کا قاعدہ یہہ ہی کہ ایک کسر کے نسب‌نما پر مختصر نسب‌نما کو قسمت کرنے سے جو خارج قسمت ہو اُسے اُسی کے شمارکنندہ میں ضرب کرنے سے جو حاصل ضرب ہو وہی نیا شمارکنندہ ہوگا اِسی طرح سے اَور بھی نئے شمارکنندے جانو *

(۱) مثال $\frac{1}{2}$ ، $\frac{3}{4}$ ، $\frac{5}{6}$ اِن کسروں کے برابر اَور کسر بتلاؤ جنکے نسب‌نما یکسان مختصر ہوں *

$$\frac{2 \times 4}{2} = 4 \text{ ،} \quad \frac{4 \times 6}{2} = 12$$ یہی مختصر نسب‌نما ہی *

$$\frac{12}{2} \times 1 = 6 \text{ ،} \quad \frac{12}{4} \times 3 = 9 \text{ ،} \quad \frac{12}{6} \times 5 = 10$$

۶ ، ۹ ، ۱۰ یے نئے شمارکنندے ہیں *

$\frac{6}{12}$ ، $\frac{9}{12}$ ، $\frac{10}{12}$ یے نئے کسر برابر ہیں کسروں مذکور کے *

(۲) $\frac{7}{12}$ ، $\frac{11}{18}$ اِن کسروں کے برابر اَور کسر بتلاؤ جنکے نسب‌نما یکسان مختصر ہوں * جواب * $\frac{21}{36}$ ، $\frac{22}{36}$

(۳) $\frac{1}{2}$ ، $\frac{2}{3}$ ، $\frac{3}{4}$ ، $\frac{5}{6}$ ایضا جواب * $\frac{6}{12}$ ، $\frac{8}{12}$ ، $\frac{9}{12}$ ، $\frac{10}{12}$

(۴) $\frac{2}{5}$ ، $\frac{2}{3}$ ، $\frac{5}{9}$ ، $\frac{1}{2}$ ایضا جواب * $\frac{36}{90}$ ، $\frac{60}{90}$ ، $\frac{50}{90}$ ، $\frac{45}{90}$

(۵) $\frac{۱}{۷}$ ، $\frac{۳}{۸}$ ، $\frac{۴}{۹}$ ، $\frac{۵}{۲۴}$ ، $\frac{۷}{۷۲}$ اِن کسروں کے برابر اَور کسر بتلاؤ جنکے نسب‌نما یکساں مختصر ہوں *

جواب * $\frac{۷۲}{۵۰۴}$ ، $\frac{۱۸۹}{۵۰۴}$ ، $\frac{۲۲۴}{۵۰۴}$ ، $\frac{۱۰۵}{۵۰۴}$ ، $\frac{۴۹}{۵۰۴}$

(۶) $\frac{۱}{۳}$ ، $\frac{۳}{۴}$ ، $\frac{۵}{۶}$ ، $\frac{۷}{۸}$ ، $\frac{۱۱}{۱۲}$ ، $\frac{۱۷}{۲۴}$ ایضا

جواب * $\frac{۱۶}{۴۸}$ ، $\frac{۳۶}{۴۸}$ ، $\frac{۴۰}{۴۸}$ ، $\frac{۴۲}{۴۸}$ ، $\frac{۴۴}{۴۸}$ ، $\frac{۳۴}{۴۸}$

چھتّھا قاعدہ

ایک نام کي کسر کو دوسرے نام کي کسر میں لانےکا

چھوٹے نام کي کسر کو جو بڑے نام کي کسر میں لانا ھو تو چھوٹے نام کي کسر کے نسب‌نما کو اُس عدد میں ضرب کرو کہ جسپر تقسیم کرنے سے اُسي چھوٹے نام کا کوئي عدد صحیح بڑے نام کا عدد ھو جاتا ھی اور جو بڑے نام کي کسر کو چھوٹے نام کي کسر میں لانا ھو تو اُسکے شمارکنندہ کو اُس عدد میں ضرب دو جسکے ضرب دینے سے اُسي بڑے نام کا عدد صحیح چھوٹے نام کا عدد ھو جاتا ھی *

(۱) پائي کے $\frac{۵}{۹}$ کو روپیہ کے نام کے عدد میں لاکر بتلاؤ *

$$\frac{۵}{۱۶ \times ۱۲ \times ۶} = \frac{۵}{۱۱۵۲}$$ جواب ھوا *

(۲) ایک روپیہ کے $\frac{۷}{۱۸}$ حصے کو پائي کے نام کے عدد میں لاؤ *

$$\frac{۱۲ \times ۱۶ \times ۷}{۱۸} = \frac{۶ \times ۲ \times ۱۶ \times ۷}{۳ \times ۶} = \frac{۲ \times ۱۶ \times ۷}{۳} = \frac{۲۲۴}{۳}$$ جواب ھوا *

(۳) ایک روپیہ کے $\frac{۵}{۹}$ کو پائي کي صورت میں لاؤ * جواب * $\frac{۳۲۰}{۳}$

(۴) ایک من کے $\frac{۶}{۷}$ کو چھٹانک کر کے لکھو * جواب * $\frac{۳۸۴۰}{۷}$

(۵) مہینے کے $\frac{۳}{۱۳}$ حصہ کو دن کر کے لکھو * جواب * $\frac{۹۰}{۱۳}$

(۶) ۷ آنہ ۳ پائي کو روپیہ کے نام کے عدد میں لاؤ * جواب * $\frac{۲۹}{۶۴}$

(۷) ساڑھے چھہ سیر کو من کي صورت میں لکھو * جواب * $\frac{۱۳}{۸۰}$

ساتواں قاعدہ

کسر کي قيمت کو چھوٹے نام کے عدد ميں لانے کا

جس نام کي کسر هو اُسکو اُس عدد ميں ضرب کرو جس سے وہ چھوٹے نام کا عدد هو جاوے اور حاصل ضرب کو نسب‌نما پر تقسيم کرو بعد دريافت هونے خارج قسمت کے جو باقي بچے اُسکو پھر اُس عدد ميں ضرب دو جس سے وہ بھي چھوٹے نام کا عدد هو جاوے اور حاصل ضرب کو نسب‌نما پر تقسيم کرو اور خارج قسمت معلوم کرو اِس طرح سے جہاں تک باقي چھوٹے نام کے عدد ملیں وهاں تک عمل کرو اور آخر ميں جو باقي رهے اُسکے تلے نسب‌نما رکھو اِس کسر اور سب خارج قسمتوں کو بہ ترتيب لکھنے سے سوال کا جواب هوگا *

(١) مثال ايک آنے کے $\frac{٥}{٧}$ حصے کو چھوٹے نام کے عدد ميں لاؤ *

٥
١٢
٧)٦٠
پائي $\frac{٤}{٧}$ ٨ جواب هوا *

(٢) ايک روپيہ کے $\frac{٣}{٨}$ حصہ کا چھوٹے نام کے عددوں ميں کيا جواب هوگا *

جواب * چھہ آنہ

(٣) ايک اشرفي کے $\frac{٢}{٩}$ حصے کے کيا دام هونگے *

جواب * ٣ روپيہ ٨ آنہ ١٠ $\frac{٦}{٩}$ پائي

(٤) ايک گز کے $\frac{٥}{٩}$ کي کيا مقدار هوگي * جواب * ١ هاتھہ $\frac{٨}{٩}$ گرہ

(٥) ايک پنسيري کے $\frac{٣}{٨}$ کي کيا تول هوگي * جواب * ١ سير ١٤ چھٹانک

(٦) ايک من کے $\frac{٧}{٩}$ کي کيا مقدار هوگي * جواب * ٣١ سير ١ $\frac{٧}{٩}$ چھٹانک

(٧) ايک دن کے $\frac{٧}{١٣}$ کا کيا جواب هوگا * جواب * ٢ پہر ١ $\frac{٢}{١٣}$ گھڑي

آٹھواں قاعدہ

کسر ملتف کو کسر مفرد کی صورت میں لانے کا

کسر ملتف میں اگر کسر مرکب ہو اُسکو اول کسر غیرواجب کرو اور اگر اُسکا شمارکنندہ یا نسب‌نما عدد صحیح ہو اُس صحیح کے تلے عدد ایک لکھکر کسر کی صورت کرو تاکہ شمارکنندہ اور نسب‌نما دونوں کسر مفرد کی صورت ہو جائیں پھر اُوپر کی کسر کے شمارکنندہ کو نیچے کی کسر کے نسب‌نما میں ضرب دو اور اُسکو نیا شمارکنندہ سمجھو اور نیچے کی کسر کے شمارکنندہ کو اُوپر کی کسر کے نسب‌نما میں ضرب دو اور اُسکو نیا نسب‌نما سمجھو *

(١) مثال $\frac{2\frac{1}{2}}{7}$ ، $\frac{3\frac{1}{4}}{6\frac{1}{3}}$ اِن کسروں کو کسر مفرد کی صورت میں لاؤ *

$$\frac{2\frac{1}{2}}{7} = \frac{5}{14}$$ اور $$\frac{3\frac{1}{4}}{6\frac{1}{3}} = \frac{9\frac{3}{4}}{19} = \frac{39}{76}$$ جواب

(٢) $\frac{4}{5\frac{1}{4}}$ اِس کسر کو کسر مفرد کی صورت میں لاؤ جواب * $\frac{16}{21}$

(٣) $\frac{9\frac{1}{5}}{3}$ ایضا جواب * $\frac{46}{15}$

(٤) $\frac{2\frac{1}{8}}{3\frac{1}{6}}$ ایضا جواب * $\frac{51}{76}$

(٥) $\frac{7\frac{1}{2}}{9\frac{5}{6}}$ ایضا جواب * $\frac{45}{59}$

(٦) $\frac{20\frac{1}{9}}{22\frac{1}{12}}$ ایضا جواب * $\frac{724}{795}$

قاعدہ جمع کسور

جمع کسور میں اول کسروں کو کسر مفرد کی صورت میں لاؤ اور چھوٹے بڑے نام کے عدد ہوں تو اُنکو ایک نام کے عدد میں لے آؤ پھر

بموجب قاعدہ مذکور کے کسروں کے نسب‌نماؤں کو یکساں کر لو پھر اُنکے سب شمارکنندوں کو جمع کر لو اور اُس میزان کے تلے ایک نسب‌نما کو لکھہ دو وہ کسر حاصل جمع ہوگي *

اِس بات پر بھي خیال رکھو کہ بڑي کسر مرکب یا کئي کسر مرکب اور کسروں کو جمع کرنا ہو تو اول کسر مرکبوں کے عددوں صحیح کو جمع کر لو اور باقي کسروں کا یکساں نسب‌نما کر کے جمع کر لو اور جو یہہ کسر غیرواجب ہو تو اُن میں سے عدد صحیح کو علیحدہ کر کے اُسکو پہلي میزان کے عدد صحیح میں جمع کر دو اِس حاصل جمع کے دائیں طرف باقي کسر کو کسر مرکب کے موافق لکھو یہي کسر مرکب میزان کل ہوگي *

(۱) مثال $\frac{۲}{۳}$ ، $\frac{۳}{۴}$ اِنکو جمع کر کے بتلاؤ *

$۲ \times ۴ = ۸$
$۳ \times ۳ = ۹$
شمارکنندے ہوئے *

$۳ \times ۴ = ۱۲$ یکساں نسب‌نما ہوا اِس سبب سے

$\frac{۸}{۱۲} + \frac{۹}{۱۲} = \frac{۱۷}{۱۲} = ۱\frac{۵}{۱۲}$ یہہ حاصل جمع ہی *

(۲) $۲\frac{۱}{۳}$ ، $\frac{۴}{۵}$ ، $\frac{۳}{۴}$ کا $\frac{۱}{۲}$ اِنکو جمع کر کے بتلاؤ *

$۲\frac{۱}{۳} = \frac{۷}{۳}$ اور $\frac{۳}{۴}$ کا $\frac{۱}{۲} = \frac{۳}{۸}$ اِس سبب سے

$\frac{۷}{۳}$ ، $\frac{۳}{۸}$ اور $\frac{۴}{۵}$ یے کسریں ہوئیں *

$۷ \times ۸ \times ۵ = ۲۸۰$
$۳ \times ۳ \times ۵ = ۴۵$
$۴ \times ۳ \times ۸ = ۹۶$
یے شمارکنندے ہوئے

$۳ \times ۸ \times ۵ = ۱۲۰$ یکساں نسب‌نما ہوا *

اور $\frac{۲۸۰ + ۴۵ + ۹۶}{۱۲۰} = \frac{۴۲۱}{۱۲۰} = ۳\frac{۶۱}{۱۲۰}$ یہہ جواب ہوا *

(۳) $\frac{۱}{۷}$ روپیہ $\frac{۲}{۹}$ آنہ $\frac{۵}{۱۲}$ پائی اِنکا حاصل جمع کیا ہوگا *

روپیہ $\frac{۱}{۷} = \frac{۱۲ \times ۱۶ \times ۱}{۷} = \frac{۱۹۲}{۷}$ پائی   آنہ $\frac{۲}{۹} = \frac{۱۲ \times ۲}{۹} = \frac{۲۴}{۹}$ پائی

جمع کرنے کے لائق کسریں ہوئیں $\frac{۱۹۲}{۷} + \frac{۲۴}{۹} + \frac{۵}{۱۲}$ بموجب قاعدہ اِختصار کے کسروں کی یے صورتیں ہوئیں *

$$\frac{۶۹۱۲}{۲۵۲} + \frac{۶۷۲}{۲۵۲} + \frac{۱۰۵}{۲۵۲} = \frac{۶۹۱۲ + ۶۷۲ + ۱۰۵}{۲۵۲} =$$

$\frac{۷۶۸۹}{۲۵۲} = ۳۰\frac{۱۲۹}{۲۵۲}$ پائی $=$ ۲ر ۶ $\frac{۱۲۹}{۲۵۲}$ پائی یہہ جواب ہوا *

(۴) $\frac{۳}{۷}$ اور $\frac{۵}{۱۱}$ اِنکو جمع کر کے کہو * جواب * $\frac{۶۸}{۷۷}$

(۵) $\frac{۱}{۲}$ ، $\frac{۱}{۳}$ ، $\frac{۱}{۴}$ ایضا جواب * $۱\frac{۱}{۱۲}$

(۶) $۹\frac{۲}{۵}$ ، $\frac{۱}{۴}$ ایضا جواب * $۹\frac{۱۳}{۲۰}$

(۷) $۷\frac{۵}{۸}$ ، $\frac{۱}{۲}$ ، $\frac{۳}{۴}$ ایضا جواب * $۸\frac{۷}{۸}$

(۸) $\frac{۳}{۵}$ ، $\frac{۱}{۳}$ کا $\frac{۲}{۵}$ اور $\frac{۳}{۲۰}$ ایضا جواب * $۱\frac{۱}{۶۰}$

(۹) $۶\frac{۷}{۸}$ کا $\frac{۹}{۱۰}$ ، $\frac{۱}{۲}$ کا $\frac{۳}{۷}$ اور $۷\frac{۱}{۴}$ جواب * $۱۳\frac{۱۰۹}{۱۱۲}$

(۱۰) $۵۵\frac{۱}{۲}$ ، $۱۰۹\frac{۶}{۷}$ ، $۲\frac{۹}{۱۰}$ جواب * $۱۶۸\frac{۹}{۳۵}$

(۱۱) $۱۰۰۰\frac{۲}{۵}$ ، $۷۴\frac{۵}{۹}$ اور $۶\frac{۲}{۴۵}$ جواب * ۱۰۸۱

(۱۲) ایک ہفتہ کا $\frac{۱}{۳}$ اور ایک دن کا $\frac{۱}{۴}$ اور ایک گھنٹے کا $\frac{۱}{۲}$ اِنکو جمع کر کے کہو *

جواب ۲ دن $۱۴\frac{۱}{۲}$ گھنٹہ

(۱۳) ۱۵ روپیہ کا $\frac{۲}{۷}$ روپیہ ، $۳\frac{۳}{۷}$ روپیہ ، $\frac{۳}{۵}$ کا $\frac{۵}{۷}$ کا $\frac{۱}{۳}$ ، $\frac{۳}{۷}$ کا $\frac{۲}{۳}$ آنہ اِنکو جمع کر کے لکھو *

جواب * ۳ر ۱۴ر

(۱۴) $\frac{۴}{۷}$ ، $۸\frac{۵}{۶}$ و $۳\frac{۹}{۱۰}$ اِنکو جمع کر کے بتلاؤ * جواب * ۱ ۳۱ $۱۲\frac{۱۹}{۲۱}$
من سیر چھٹانک — سیر چھٹانک

(۱۵) $۴\frac{۱}{۲}$ ، $۲\frac{۳}{۴}$ ، $\frac{۵}{۷}$ اِنکو جمع کر کے کہو * جواب * ۵ ۱ $۶\frac{۵}{۷}$
گز ھاتھہ گرہ — گز ھاتھہ گرہ

قاعدۂ تفریق کسور

جن کسروں کی تفریق کرنی ھو تو اول تحویل کے پانچویں قاعدہ کے موافق ھر ایک نسب‌نما کو یکساں کرنے کے بعد اُسکے چھوٹے شمار کنندہ کو بڑے سے کم کر کے حاصل تفریق کے تلے نیا نسب‌نما لکھو یہی کسر حاصل تفریق ھوگی *

اِس بات پر بھی خیال رکھو کہ جو بڑی کسر مرکبوں کی تفریق کرنی ھو تو اول صحیح عددوں کے حاصل تفریق کو علیحدہ لکھو اور جو مفروق‌منہ کی کسر مفروق کی کسر سے بڑی ھو تو اِن کسروں کے حاصل تفریق کو صحیح عددوں کے حاصل تفریق میں جوڑ دو جو حاصل جمع ھو وھی جواب ھوگا *

اگر مفروق‌منہ کی کسر مفروق کی کسر سے چھوٹی ھو تو کسروں کے حاصل تفریق کو صحیح عددوں کے حاصل تفریق میں گھٹانے سے حاصل تفریق ھوگا *

(۱) مثال $\frac{۳}{۴}$ میں سے $\frac{۵}{۷}$ کو تفریق کرنے سے کیا حاصل تفریق ھوگا *

$۳ \times ۷ = ۲۱$
$۵ \times ۴ = ۲۰$
} شمارکنندے ھوئے *

$۴ \times ۷ = ۲۸$ نسب‌نما

اِس سبب سے $\frac{۲۱ - ۲۰}{۲۸} = \frac{۱}{۲۸}$ یہہ جواب ھوا *

(۲) $\frac{۲}{۳}$ اور $\frac{۳}{۷}$ کا $\frac{۲}{۹}$ اِنکا حاصل تفریق کیا ھوگا *

$\frac{۳}{۷}$ کا $\frac{۲}{۹} = \frac{۶}{۶۳} = \frac{۲}{۲۱}$ اور $\frac{۲}{۳} = \frac{۱۴}{۲۱}$

اِس سبب سے $\frac{۱۴}{۲۱} - \frac{۲}{۲۱} = \frac{۱۲}{۲۱} = \frac{۴}{۷}$ یہہ جواب ہوا *

(۳) $\frac{۲}{۳}$ اور $\frac{۷}{۹}$ اِنکا فرق کیا ہوگا * جواب * $-\frac{۱}{۹}$

(۴) $\frac{۷}{۱۱}$ اور $\frac{۸}{۱۳}$ اِنکا حاصل تفریق کیا ہوگا * جواب * $\frac{۳}{۱۴۳}$

(۵) $\frac{۹۷}{۱۰۰}$ اور $\frac{۳}{۷}$ اِنکا فرق بتلاؤ * جواب * $\frac{۳۷۹}{۷۰۰}$

(۶) ۱۶۹ اور ۱۴$\frac{۳}{۷}$ اِنکا تفاوت بتلاؤ * جواب * ۱۵۴$\frac{۴}{۷}$

(۷) ۲۱۴$\frac{۱}{۴}$ اور ۱۹ کا $\frac{۲}{۳}$ اِنکا تفاوت کیا ہوگا * جواب * ۲۰۱$\frac{۷}{۱۲}$

(۸) ۲ آنہ ۶$\frac{۱۲۹}{۲۵۲}$ پائی اور $\frac{۱}{۷}$ روپیہ اِنکا تفاوت بتلاؤ *

جواب * ۳$\frac{۱}{۱۲}$ پائی

(۹) ۲ دن ۱۴$\frac{۱}{۲}$ گھنٹہ اِنکی جمع میں سے $\frac{۱}{۴}$ دن اور $\frac{۱}{۲}$ گھنٹہ اِنکی تفریق کرنے سے کیا باقی بچیگا *

دن گھنٹہ
جواب * ۲ ۸

روپیہ روپیہ آنہ
(۱۰) سعہ ۱۴؍ میں سے ۳$\frac{۳}{۷}$ اور $\frac{۳}{۵}$ کا $\frac{۵}{۷}$ کا $\frac{۱}{۳}$ اور $\frac{۳}{۷}$ کا $\frac{۲}{۳}$ اِنکی جمع کو تفریق کرنے سے کیا باقی بچا *

جواب * للعہ ۴؍ ۶$\frac{۶}{۷}$ پائی

(۱۱) ۳۱ سیر ۱۳$\frac{۱۹۹}{۲۱۰}$ چھٹانک اِنمیں سے ۸$\frac{۵}{۶}$ سیر ۳$\frac{۹}{۱۰}$ چھٹانک اِنکی جمع کو تفریق کرنے سے کیا باقی بچیگا *

سیر چھٹانک
جواب * ۲۲ ۱۲$\frac{۵}{۷}$

(۱۲) ۵ گز و ۱ ہاتھہ و ۷$\frac{۲}{۵}$ گرہ میں سے ۲$\frac{۳}{۴}$ ہاتھہ و $\frac{۷}{۵}$ گرہ اِنکی تفریق کرنے سے کیا باقی بچا *

گز ہاتھہ
جواب * ۴ ۱

قاعدہ ضرب کسور

مضروب اور مضروب فیہ کي کسروں کو کسر مفرد کي صورت میں لانا هو تو بموجب قاعدہ مذکور کے لے آؤ پهر مضروب اور مضروب فیہ کے شمارکنندوں کو باهم ضرب کر کے نیا شمارکنندہ مقرر کرو اور اُنکے نسب نمایوں کو باهم ضرب کر کے نسب نما نئے شمارکنندہ کا مقرر کرو یہي کسر حاصل ضرب هوگا اگر مضروب اور مضروب فیہ میں سے ایک عدد صحیح هو اور دوسرا بڑي کسر مرکب تو عدد صحیح میں کسر مرکب کے عدد صحیح کو علیحدہ ضرب کرو اور اُسي عدد صحیح میں کسر کے شمارکنندہ کو بهي ضرب کرو اور اُس حاصل ضرب کو نسب نما پر تقسیم کرنے سے جو عدد صحیح حاصل هو اُسکو پہلے حاصل ضرب میں جوڑ کر باقي کسر کو اُس عدد کي دائیں طرف لکهو یہي کسر مرکب حاصل ضرب هوگا *

صحیح عددوں کا حاصل ضرب مضروب اور مضروب فیہ دونوں سے بڑا هوتا هی مگر کسر واجب کا حاصل ضرب مضروب اور مضروب فیہ دونوں سے چهوٹا هوتا هی *

مثال

(۱) $\frac{۴}{۵}$ اور $\frac{۷}{۸}$ اِنکو باهم ضرب دیکر کہو *

$\frac{۷ \times ۴}{۸ \times ۵} = \frac{۲۸}{۴۰} = \frac{۱۴}{۲۰} = \frac{۷}{۱۰}$ یہي جواب هوا *

(۲) $۲\frac{۱}{۲}$, $\frac{۱}{۸}$, $\frac{۵}{۹}$ کا $\frac{۱}{۳}$ اِنکا حاصل ضرب کیا هوگا *

$۲\frac{۱}{۲} = \frac{۵}{۲}$ اور $\frac{۵}{۹}$ کا $\frac{۱}{۳} = \frac{۵}{۱۸}$

$\frac{۵}{۲} \times \frac{۱}{۸} \times \frac{۵}{۱۸} = \frac{۵ \times ۱ \times ۵}{۲ \times ۸ \times ۱۸} = \frac{۲۵}{۲۸۸}$ یہي جواب هوا *

(۳) $\frac{۴}{۱۵}$ کو $\frac{۵}{۲۴}$ میں ضرب دیکر کہو * جواب * $\frac{۱}{۱۸}$

(۴) $۴\frac{۱}{۲}$ کو $\frac{۱}{۸}$ میں ضرب دیکر کہو * جواب * $\frac{۹}{۱۶}$

(۵) ۷ کے $\frac{۱}{۴}$ کو $\frac{۱}{۲}$ میں ضرب دیکر کہو * جواب * $۱\frac{۳}{۴}$

(۶) ۱۳ کو ۲$\frac{۱}{۲}$ میں ضرب دیکر کہو * جواب * ۳۲$\frac{۱}{۲}$

(۷) ۱۰۱۷$\frac{۳}{۴}$ کو ۳۵ میں ضرب دیکر کہو * جواب * ۳۵۶۶۴۸$\frac{۱}{۴}$

(۸) ۴$\frac{۵}{۳}$ کو ۵ کے $\frac{۱}{۲}$ میں ضرب دیکر کہو * جواب * ۴۳$\frac{۱}{۳}$

(۹) $\frac{۳}{۵}$ کے $\frac{۴}{۹}$ کو ۳$\frac{۲}{۷}$ کے $\frac{۵}{۸}$ میں ضرب دیکر کہو * جواب * $\frac{۲۳}{۸۴}$

(۱۰) ۴$\frac{۱}{۲}$ ، $\frac{۱}{۷}$ کا $\frac{۳}{۴}$ اور ۱۸$\frac{۴}{۵}$ اِنکو لگاتار ضرب دیکر کہو *
جواب * ۹$\frac{۹}{۱۴۰}$

(۱۱) $\frac{۲}{۳}$، ۳$\frac{۱}{۳۲}$، ۵ اور $\frac{۳}{۵}$ کا $\frac{۳}{۴}$ اِنکو لگاتار ضرب دیکر کہو * جواب * ۴$\frac{۷}{۸}$

(۱۲) ۵ ، $\frac{۲}{۳}$ ، $\frac{۳}{۵}$ کا $\frac{۲}{۷}$ ، ۴$\frac{۱}{۹}$ اِنکو ضرب دیکر کہو * جواب * ۲$\frac{۸}{۲۱}$

(۱۳) ۱۴ ، $\frac{۵}{۹}$ ، ۹ کا $\frac{۴}{۵}$ ، ۶$\frac{۲}{۷}$ اِنکو لگاتار ضرب دیکر کہو *
جواب * ۵۲۸

(۱۴) ۱۴$\frac{۷}{۸}$ ، ۲$\frac{۱}{۲}$ ، ۴$\frac{۱}{۷}$ کا $\frac{۱}{۱۴}$ اِنکو بھي برابر ضرب دیکر کہو *
جواب * ۵۱$\frac{۱۷}{۴۸}$

(۱۵) ۱۰۱$\frac{۱}{۴}$ ، ۲۰۲$\frac{۱}{۷}$ ، ۵$\frac{۱}{۹}$ اور ۷$\frac{۱}{۴}$ کا $\frac{۱}{۲}$ اِنکو بھي لگاتار ضرب دیکر کہو *
جواب * ۳۸۳۶۴۴$\frac{۴۳}{۶۳}$

(۱۶) ۵$\frac{۱}{۴}$ کا $\frac{۱}{۵}$ ، ۱۱ کا $\frac{۲}{۹}$ اور $\frac{۳}{۴۰}$ کا $\frac{۱}{۲}$ اِنکو لگاتار ضرب دیکر کہو *
جواب * $\frac{۱۵۷۳}{۹۱۸۰}$

قاعدہ قسمت کسور

مقسوم اور مقسوم‌علیہ کي کسروں کو کسر مفرد کي صورت میں لانا ہو تو بموجب قاعدہ مذکور کے لے آؤ پھر مقسوم‌علیہ کے شمارکنندہ اور نسب‌نما کو اُلٹ دو یعني شمارکنندہ کو نسب‌نما کي جگہہ لکھو اور نسب‌نما کو شمارکنندہ کي جگہہ پھر قاعدہ ضرب کے موافق ضرب کرنے سے جو حاصل ضرب ہوتا ہی وہي خارج قسمت ہوگا اگر مقسوم‌علیہ عدد صحیح ہو اور مقسوم کسر مرکب تو پہلے مقسوم کے عدد صحیح کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرو پھر کسر کو بھي اُس پر تقسیم کرو جو خارج قسمت حاصل ہو اُسکو پہلے خارج قسمت کي داھني طرف لکھو *

مثال

(۱) $\frac{۳}{۵}$ پر $\frac{۴}{۷}$ کو تقسیم کرنے سے کیا خارج قسمت حاصل ہوگا *

$\frac{۴}{۷} \div \frac{۳}{۵} = \frac{۴}{۷} \times \frac{۵}{۳} = \frac{۲۰}{۲۱}$ یہہ جواب ہوا *

(۲) ۱۹ کے $\frac{۱}{۵}$ کو $\frac{۳}{۴}$ کے $\frac{۲}{۳}$ پر تقسیم کرنے سے کیا خارج قسمت حاصل ہوگا *

۱۹ کا $\frac{۱}{۵} = \frac{۱۹}{۵}$ اور $\frac{۳}{۴}$ کا $\frac{۲}{۳} = \frac{۶}{۱۲} = \frac{۱}{۲}$

$\frac{۱۹}{۵} \times \frac{۲}{۱} = \frac{۳۸}{۵} = ۷\frac{۳}{۵}$ یہی خارج قسمت ہی *

